بینک دولت پاکستان

شعبہ مبادلہ پالیسی

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 20 برائے 2020ء **16 اکتوبر 2020ء**

چیف ایگزیکٹو

تمام مبادلہ کمپنیاں

زمرہ 'ب' کی مبادلہ کمپنیاں

محترم / محترمہ

انسداد منی لانڈرنگ، دہشت گردی کی فنانسنگ کے تدارک اور ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی فنانسنگ سے نمٹنے کے ضوابط

مبادلہ کمپنیوں اور زمرہ 'ب' کی مبادلہ کمپنیوں کی توجہ بینک دولت پاکستان کی جانب سے بی پی آرڈی سرکلر نمبر 05 بتاریخ 30 ستمبر 2020ء کے ذریعے جاری شدہ انسداد منی لانڈرنگ، دہشت گردی کی فنانسنگ کے تدارک اور ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی فنانسنگ سے نمٹنے کے ضوابط کی جانب مبذول کرائی جاتی ہے۔

2۔ اس ضمن میں مبادلہ کمپنیوں کے کتابچے میں درج ذیل تبدیلیاں کر کے اسے اپڈیٹ کیا جارہا ہے:

الف۔ باب 6 کے عنوان اور باب 8 کے پیرا 20 میں یہ ترمیم کی گئی ہے، "**انسداد منی لانڈرنگ، دہشت گردی کی فنانسنگ کے تدارک اور ہتھیاروں کے پھیلاؤ کی فنانسنگ سے نمٹنے کے ضوابط**"۔

ب۔ باب 6 کے تمام پیراگراف اور ذیلی پیراگرافوں کے ساتھ متعلقہ ضمیمہ حذف کر دیا گیا ہے۔ باب 6 میں اسٹیٹ بینک اور وفاقی حکومت کی جانب سے اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010ء کے تحت متعلقہ ضوابط، رہنما اصولوں، اعلامیوں پر نظر ثانی کرتے ہوئے ان میں حوالہ جات شامل کیے گئے ہیں۔

ج۔ باب 6 کے موجودہ پیرا 2A میں کرنسی کی اندرون ملک نقل و حمل کے بارے میں دی گئی ہدایات، اور متعلقہ ضمیمہ، باب 3 (برائے مبادلہ کمپنیاں) اور باب 8 (زمرہ 'ب' کی مبادلہ کمپنیاں) اور متعلقہ ضمیمے کا نمبر بدل کر اسے ضمیمہ 2AA کر دیا گیا ہے۔

3۔ اس موضوع پر تمام دیگر قواعد و ضوابط کسی تبدیلی کے بغیر برقرار رہیں گے۔

4۔ آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ مذکورہ بالا تبدیلیوں سے اپنے متعلقہ افراد کو آگاہ کریں۔

منسلکات: مبادلہ کمپنیوں کا کتابچہ

آپ کا مخلص

(ارشد محمود بھٹی)

ڈائریکٹر